# پاک روزری خاندانی اتحاد کی ضامن

لفظ روزری ایک انگریزی اصطلاح ہے جس کا اصل معنی دُعا ہے۔ اقدس روزری کیتھولک کلیسیاء کی سب سے دلکش دُعا ہے۔ اور اس کی تاریخ کے بارے میں مختلف آراء پائی جاتی ہیں۔ روزری کی اصل تاریخ واضح نہیں ہے۔ مسیحیت میں گرہ والی مالا یا تسبیح کے استعمال کو تیسری اور چوتھی صدی کے اوائل میں صحرائی راہبوں سے منسوب کیا جاتا ہے۔ 431 میں اُفسس کی پہلی کونسل کے بعد کی مدت میں قرونِ وسطی کے دوران مقدسہ مریم کی دُعا کے استعمال میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ روزری کی دُعا کرتے وقت ہم یسوع کی زندگی سے متعلقہ بھیدوں (مسیح کے تجسم ہونے، اس کے دکھوں، موت اور مردوں میں سے جی اٹھنے) پر دھیان و گیان کرتے ہیں اور ان بھیدوں کو اپنی توجہ کا مرکز بناتے ہیں۔ اقدس روزری پڑھتے وقت اے ہمارے باپ کی دُعا سے آغاز کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد دس بار سلام اے مریم کی دُعا اور جلال باپ اور بیٹے سے اس کا اختتام ہوتا ہے۔ اس تسلسل کو دس بار سلام اے مریم کی دعا پڑھنے کی وجہ سے ایک دہائی (Decade) کہا جاتا ہے۔ روزری، ہمیں الٰہی بھیدوں کی گہری کو سمجھنے میں ہماری مدد کرتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ ہمیں خُدا کے زیادہ قریب کرتی ہے۔ روزری کے دوران ہم مقدسہ ماں مریم کی شفاعت بھی طلب کرتے ہیں، جو تمام مومنین کو اپنے بیٹے کی طرف لے جاتی ہے۔ ساتویں صدی تک مقدسہ مریم کی عقیدت میں کی جانے والی دعائیں عام ہوتی گئیں۔ مریم کی ابتدائی طور پر سب سے مشہور ہونے والی دعا ''سب ٹوم پریسڈیم'' (Sub Tuum Praesidium) ہے، جس کا آغاز ان الفاظ سے ہوتا ہے: "آپ کی شفقت کے نیچے، ہم پناہ لیتے ہیں"۔ کچھ کیتھولک روایات کے مطابق، مقدسہ مریم خود مقدس دومینک پر ظاہر ہوئیں اور انہیں اقدس روزری پڑھنے کو دی۔ اور پھر اس کی تائید مبارک آلن ڈی لا روچے نے بھی کی۔

1569 میں، ڈومینیکن پوپ پائس پنجم نے پاپائی بُل 'کنزیورنٹ رومی پونٹفیس (Consueverunt Romani Pontifices) سے اقدس روزری کو کیتھولک کلیسیاء میں متعارف کیا اور مومنین میں اس کی عقیدت کو قائم کیا۔ اس کے بعد سینٹ پیٹر کینیسئس نے سلام اے مریم کی دعا میں "اے مقدسہ مریم، خدا کی ماں، ہم گنہگاروں کے واسطے دعا کر"، کے جملے کا اضافہ کیا۔ 16 ویں صدی سے 20 ویں صدی تک، روزری کی ساخت میں بنیادی طور پر کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ اس وقت صرف 15 بھید ہوتے تھے جو 15 دہائیوں میں سے ہر ایک کے لئے دھیان و گیان کے طور پر لئے جاتے تھے۔ 20 ویں صدی میں ہر دہائی کے آخر میں "فاطمہ کی دعا" کا اضافہ مشہور ہوا۔ اور 2002ء میں مقدس جان پال دوئم نے پانچ نئے 'نور کے بھید' متعارف کروائے اور ان کا آغاز کیا۔

431 میں اُفسس کی پہلی کونسل میں مریم کو "تھیوٹوکوس" کا لقب دیا گیا جس کا ترجمہ "خدا کی ماں" ہے۔ اس کے بعد مقدسہ مریم کی عقیدت میں اضافہ ہوا اور ساتھ ہی ساتھ مقدسہ مریم سے متعلقہ دعاؤں میں اضافے شروع ہو گئے۔

سلام اے مریم کی دُعا آہستہ آہستہ تشکیل میں آئی اور اس میں ایک ہزار سال سے زیادہ کا عرصہ لگا۔ ابتدائی دُعا میں صرف مریم کا نام شامل تھا جس میں جبرائیل فرشتہ مریم کو سلام پیش کرتا ہے "سلام اے مریم، خداوند تیرے ساتھ ہے" (لوقا 28:1)۔

1050ء میں مریم اور الیصبات کی ملاقات کے یہ الفاظ شامل کیے گئے کہ: تُو عورتوں میں مبارک ہے، اور مبارک ہے تیرے رحم کا پھل

(لوقا 42:1)۔

1261ء میں، پوپ اربن چہارم نے الیصبات کے الفاظ کے آخر میں 'یسوع' کا نام شامل کیا۔ مقدس پیٹر کینیسئس نے اپنی 1555 کی کیٹی کیزم کی کتاب میں 'سلام اے مریم' کی دعا کو تقریباً حتمی درخواست کے ساتھ شائع کیا: "اے مقدسہ مریم، خدا کی ماں، ہم گنہگاروں کے واسطے دعا کر"۔ گیارہ سال بعد، کونسل آف ٹرینٹ کی کیٹی کیزم، میں پہلی بار "سلام اے مریم" کی دُعا اپنی پوری حتمی دُعا (شکل)، "اب اور ہماری موت کے وقت۔ آمین! کے الفاظ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ لہٰذا جو دُعا ہم آج پڑھتے ہیں وہ 1568 میں باضابطہ طور پر منظور کی گئی۔

سلام اے مریم کی دُعا کی مکمل ترقی کے بعد، بالآخر 1597ء میں اس کو 'روزری' کا نام دیا گیا۔ 320 سال تک (1597 سے لے کر 1917) سلام اے مریم اور روزری دونوں کی شکل ایک جیسی رہی۔ ان 320 سالوں کے دوران روزری کے بارے میں بہت کچھ لکھا اور بولا گیا۔ خاص طور پر، پوپ پال ششم نے کہا جب ہم روزری پڑھتے ہیں تو ہم انجیل کے اہم مامقات کا تجربہ کرتے ہیں۔ یہ ایک سادہ، خوبصورت، اور مرتکز مراقبہ ہے۔

13 مئی 1917 کو مریم پرتگال کے فاطمہ میں تین چرواہے بچوں پر نمودار ہوئی۔ اس نے انہیں اگلے چھ مہینوں کے لئے ہر مہینے کے 13 ویں دن واپس اسی جگہ پر آنے کو کہا۔ مریم نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ہر بار ان کے سامنے حاضر ہوں گی اور انہیں پیغام دیں گی۔ مریم نے بچوں کو کہا کہ وہ ہر روز روزری کی عبادت کر کے عالمی امن کے لئے دعا کریں۔ 13 جولائی، 1917ء کو، مریم نے بچوں سے روزری کی ہر دہائی کے اختتام پر ایک مختصر دعا شامل کرنے کو کہا:

اے مہربان یسوع! ہمارے گناہ ہمیں معاف کر، ہمیں دوزخ کی آگ سے بچا۔ تمام روحوں کو آسمان کی طرف کھینچ، خاص کر کے اُن کو جو تیری رحمت کے زیادہ محتاج ہیں۔ آمین!

آج اس کو فاطمہ کی دُعا کہا جاتا ہے۔ روزری کسی بھی عمر کے مردوں اور عورتوں اور ہر عمر کے لئے ناقابل یقین حد تک فائدہ مند روحانی عمل ہے۔ یہ ایک قدیم خزانے کے نقشے کی طرح ہے جس نے تمام شعبہ ہائے زندگی سے لاتعداد مردوں اور خواتین کو امن، خوشی، صراحت اور قناعت کے خزانوں تک پہنچایا ہے۔ روزری مسیحی عقیدے کے کلیدی پہلوؤں پر مرکوز ہے، جیسا کہ بیس بھیدوں پر دھیان و گیان سے ظاہر ہے۔ ان مراقبے کو حقیقت اور الہام کی دولت کی وجہ سے اسے الٰہیات میں ایک مختصر نصاب کہا گیا ہے۔ ان بھیدوں پر غور کرنے کے ذریعہ ہمیں دعاؤں، تزئین، شکرانوں اور درخواستوں کی طرف راغب کیا جاتا ہے۔

روزری کا آغاز کہاں اور کب ہوا صحیح سے معلوم نہیں ہے۔ لیکن روزری تاریخِ نجات کا نچوڑ یعنی بائبل مقدس کا خلاصہ ہے۔ اقدس روزری ایک ایسا ہتھیار ہے جو بدی کی دیکھی اور اندیکھی قوتوں کے خلاف جوابی کاروائی کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ سادہ اور پُر اثر دُعا ہے۔ یہ دُعا کسی موقع پر بھی پڑھی جا سکتی ہے مثلاً دورانِ سفر، اٹھتے بیٹھتے، خوشی، غمی، بیماری، دکھ، خطرہ، خوف، جنگ وغیرہ میں پڑھی جا سکتی ہے۔ خاندانوں کو جوڑنے میں اور اتحاد قائم کرنے میں نہایت موثر عبادت ہے۔ اور مقدسہ مریم کی سفارشات کی بدولت ہی تو ہم خدا سے

برکات اور خوشیاں حاصل کرتے ہیں۔ پاک ماں کیتھولک کلیسیاء نے بھی اسی لئے سال میں دو مہینے مئی اور اکتوبر اقدس روزری سے منسوب کئے ہیں تا کہ ہم روزری کی مدد سے مقدسہ مریم کی شفاعت پاسکیں۔

مقدس پادرے پیئو اس بات کے قائل تھے کہ مقدس مریم نادر نمونہ اور مثال ہے جنکی پیروی ہر شخص کو کرنی چاہیے انہیں خود مقدس ماں سے اتنا پیار تھا کہ وہ ایک دن میں تیس سے چالیس بار روزری پڑھتے تھے۔ دو ہزار سال پہلے جبرائیل فرشتے نے عرش سے فرش پر گِر کر مقدسہ مریم کو سلام کیا بالکل اِسی طرح آج بھی لاکھوں کروڑوں مومن فرش سے عرش پر مقدسہ مریم کو عقیدت بھرا سلام بھیجتے ہیں اور اُس کے بدن کے پھل کو مبارک کہتے ہوئے اپنے خداوند کے شکر گزار ہوتے ہیں۔ آیئے ہم بھی اس مہینے میں روزری کی عبادت کریں، پاک روزی کی دعا کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں اور روحانی عقیدتوں کا حصہ بنائیں تا کہ اس مبارک مہینے میں برکات وفضائل حاصل کرسکیں۔